2017年12月6日ジャング紙ラホール版2面

پاکستان میں ہمارا مقدس تاریخی ورثہ محفوظ ہے، ہندو یاتری

چیف جسٹس پاکستان کے اقلیتوں کے بارے کلمات کی جتنی میں تعریف کی جائے کم ہے

لاہور (نمائندہ جنگ) کٹاس راج یاترا کے لیے بھارت سے آئے ہندو یاتریوں کے لیڈر شیو پرتاب بجاج نے گوردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں دیگر یاتریوں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ پاکستان میں ہمارے مقدس تاریخی ورثہ محفوظ ہے۔ کٹاس راج مندر بارے بھارت سمیت دیگر ممالک میں غلط خبریں پھیلائی گئیں جبکہ حقیقت میں ایسا کچھ نہیں تالاب میں پانی کا مسئلہ بارشوں کی کمی اور قریبی سیمنٹ فیکٹری کی وجہ سے پیدا ہوا۔ انہوں نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے کٹاس راج مندر کے تالاب کے بارے از خود نوٹس کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ چیف جسٹس پاکستان کے اقلیتوں کے بارے کلمات کی جتنی میں تعریف کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہاں سیکورٹی سمیت کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہیں آیا ہم نے اپنی مرضی سے مذہبی رسومات ادا، اور سیر و تفریح کی ہے۔